25-12-05 جامعہ قسم البنین والبنات کے اعلان نتائج کے سلسلے میں جلسہ ہوا، تلاوت کے بعد نونہال طالب علم ابوبکر سلفی ایوبی نے "الھاکم التکاثر" کے عنوان سے بلتی نظم پیش کیا، جسے تمام سامعین نے دور حاضر کی مناسبت سے بہت پسند کیا۔ محترم شاعر سے عرض ہے کہ اپنے اسم گرامی سے مطلع فرمائیں اور التراث سے قلمی تعاون فرماتے رہیں۔ (بلتی زبان کا یہ نظم التراث کے صفحہ اول پر اور جناب مدیر تحریر کی جانب سے اس کی منظوم اردو ترجمانی صفحہ آخر پر ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔)

الشیخ محمد حسین آزاد نائب رئیس مجلس عمل نے مختصر نصیحت کی اور الشیخ ثناء اللہ عبدالرحیم نے خطاب کر کے نتائج کا خلاصہ پیش کیا۔ پھر الشیخ یوسف عبدالرحمٰن نے قسم البنین کا اور الشیخ محمود اسماعیل نے قسم البنات کا نتیجہ سنایا۔

جامعہ قسم البنین میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء

اول-	حفیظ اللہ ثناء اللہ	السنة الرابعة الثانوية	99.9 فیصد
دوم-	عبداللہ شریف الدین	السنة الثانية المتوسطة	99.3 فیصد
سوم-	حافظ زاہد عبدالرحمٰن	السنة الرابعة الثانوية	99.2 فیصد

کل **445** طلباء میں سے 37 ممتاز، 66 جید جداً، 89 جید، 21 مقبول اور 73 فیل ہوئے۔ مجموعی نتیجہ 83.10 فیصد رہا۔

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے **18** طلباء میں سے 2 ممتاز، 6 جید جداً اور 10 جید ہوئے۔

جامعہ قسم البنات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی خوش نصیب طالبات

اول-	خولہ بشیر	السنة الثانية العالية	100.00 فیصد
دوم-	کوثر عبدالحمید	السنة الثالثة الثانوية	99.07 فیصد
سوم-	شاذیہ محمد علی	السنة الثانية الثانوية	99.05 فیصد

کل **551** طالبات میں سے 92 ممتاز، 86 جید جداً، 112 جید، 23 مقبول اور 90 فیل ہوئے۔ مجموعی نتیجہ 84.35 فیصد رہا۔

قسم تحفیظ القرآن الکریم کی **35** طالبات میں سے صرف 2 طالبات جید جداً، 15 جید، 7 مقبول اور 11 فیل ہوئیں۔ سب مقررین نے استانیوں اور طالبات کو خوب محنت کرنے کی تلقین کی۔